صفوۃ الاصول فی مصطلحات حدیث الرسول

مرتب: مولانا مفتی محمد رضوان عزیز۔ صفحات: 288۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ قاسمیہ، الفضل مارکیٹ، ۱۷، اردو بازار لاہور۔ فون: 0321-4220554

دین اسلام کی تبلیغ واشاعت، ترقی، دینی علوم کی حفاظت کے لئے الحمدللہ ہر دور میں رجال کار پیدا ہوتے رہتے ہیں، آغاز اسلام سے لے کر آج تک کوئی دور ایسا نہیں گذرا جب اسلامی علوم وفنون کے ماہرین موجود نہ ہوں، علماء امت نے تفسیر وحدیث کے ذخیرے کی حفاظت کے لئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ خصوصاً حدیث کے میدان میں جو محنتیں کی ہیں، ان کا شمار حد وحساب سے باہر ہے۔ حدیث وسنت کے دفاع کے لئے اصول وضوابط مقرر کیے، کھرے کھوٹے کو الگ کیا، حق کو واضح کر کے امت کے سامنے پیش کیا۔

مرتبِ کتاب اپنے مقدمے میں لکھتے ہیں ''راقم عرصہ سے تخصص کے طلبہ کی حدیث واصطلاحات و حدیث کے حوالے سے خدمت میں مصروف ہے، بیسیوں کتب اصطلاحات کی ورق گردانی اور عصر حاضر میں انکارِ حدیث کی منظم تحریکات کے پس پردہ عوامل کے مطالعہ کے بعد ایک ایسی جامع کتاب کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی، جو مدلل اور عام فہم ہو...... علم حدیث کے گرد گھومتے بے شمار علوم میں سے جو سب سے زیادہ عظیم الشان علوم ہیں وہ علوم مصطلحات اور فن اسماء الرجال ہے، یہ کتاب پہلے عنوان علم مصطلحات کے گرد گھومتی ہے''۔ کتاب درج ذیل خصوصیات کی حامل ہے:

- ...... اصطلاحاتِ حدیث عام فہم تعبیرات اور امثلہ سے بیان کی گئی ہیں۔
- ...... حدیث کے باب میں احناف محدثین کی خدمات، اصطلاحات اور اصولوں کو بیان کیا گیا ہے اور دیگر ائمہ سے اصطلاحات واصول کے اختلاف کو واضح کیا گیا ہے۔
- ...... امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدماتِ حدیث کو اجاگر کیا گیا۔
- ...... حدیث کے اختلافی مباحث مثلاً حجیت حدیث، خبر واحد، حجیت حدیث موقوف، ضعیف حدیث کی آئینی حیثیت، مرسل کا مقام ومرتبہ پر غیر جانبدارانہ کلام کیا گیا ہے۔
- ...... موضوع احادیث کی پہچان کے لئے بیس کے قریب علامات بمع امثلہ بیان کی گئی ہیں۔
- ...... عصر حاضر کے جدت پسندوں کے افکار اور انکار حدیث پر مبنی کارستانیوں کا علمی رد کیا گیا ہے۔

کتاب تخصص کے طلبہ کے لئے اہمیت کی حامل ہے، آسان اور عام فہم اسلوب ہے۔